© rasailojaraid.com



کے استفسارات اور والد ماجد مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے جوابات پر مبنی دلچسپ ودلکش مکالمے بھی ہیں اور مذاکرے بھی، جدید مطبوعات پر تبصرے بھی ہیں اور قدیم مخطوطات کے تذکرے بھی، ادب شناسی بھی ہے اور شعروادب سے معمور محفلیں، علماء، صلحا، اولیاء کے احوال بھی ہیں اور مظلوم عالم اسلام کی حالت بھی، حقائق و دقائق بھی ہیں اور دلچسپ واقعات بھی۔ الغرض دعوت وتبلیغ، تصنیف وتالیف، قیادت وسیاست، قومی وملی حوادث ونوازل، دارالعلوم حقانیہ کی قدم بقدم تاریخ اور بدلتے حالات کے متعلق دارالعلوم حقانیہ کا موقف سمیت تمام اہم ایشوز پر دلچسپ تذکرے، تجزیئے اور تبصرے شامل ہیں۔ درجنوں موضوعات کے تحت ۹۵۰ عناوین اور ۵۷۲ صفحات پر مشتمل ادبی سوغات ''القاسم'' اکیڈمی نے شائع کی۔ یقیناً یہ کتاب جہاں والد ماجد صاحب کی علمی، ادبی اور سیاسی ذوق کی عکاس ہے وہیں مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کے ذوق، تتبع، محبت اور خلوص کا آئینہ دار بھی۔

اس علمی اور ادبی ذخیرے کی ترتیب وتدوین پر دارالعلوم حقانیہ کے جید فاضل مولانا حبیب اللہ حقانی بھی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جنہوں نے ایک دیہاتی مجلس کو لکھنوی طرز بیان سے مزین کرکے ہزاروں قارئین کیلئے سامان ذوق فراہم کیا۔ امید ہے کہ مولانا حقانی صاحب کا یہ سلسلہ مزید آگے بڑھتا رہیگا۔

القاسم اکیڈمی کی علمی' ادبی اور روحانی پیش کش

ساعتے با اہلِ حق

افادات: شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق مدظلہٗ مرتب: مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی

پیش لفظ: حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہٗ

ایک وفا شعار شاگرد کے اِستفسارات اور وفاشناس استاد کے جوابات، ایک طالبِ صادق کی علمی تشنگی اور استادِ کامل کی آبیاری، ایک مسترشد کی کیفیات اور مرشد کی ہدایات، ایک عاشقِ زار خادم کی نیازمندیاں اور فردشناس مخدوم کی کرم نوازیاں، ایک تاریخ خوان کی اُلجھنیں اور تاریخ ساز کی سلجھنیں، محدثِ جلیل حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہٗ اوران کے مایہ ناز اور قابل فخر شاگرد شیخ الحدیث مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہٗ کے علمی، روحانی، فکری، ادبی مجالس، علماء، صلحاء اور اولیاء کے تذکرے، جدید وقدیم کتابوں پر تبصرے، جہاد وقتال، دعوت وتبلیغ، تصنیف وتالیف، سیاست و قیادت، مطالعہ وکتاب اور قلم وقرطاس کے موضوعات پر دلچسپ مذاکرے، عالمی انقلاب، تاریخی واقعات اور اصلاحِ انقلابِ اُمت کے حوالے سے بصیرت افروز تجزیے، ایک علمی' روحانی اور ادبی تحفہ ...... صفحات: ۵۷۲ ...... ہدیہ : ۵۰۰ روپے

القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد نوشہرہ کے پی کے 0301-3019928 --- 0346-4010613

© rasailojaraid.com